07/06/2025

12.30 PM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ  شیخ انوارالحق سے خبریں سُنئے

عید

پورے ملک کے ساتھ ساتھ آج جموں کشمیر میں بھی عید الاضحی کی تقریب سعید نہایت عقیدت و احترام کیساتھ منائی جا رہی ہے۔ اس سلسلے میں وادی کی مساجد، خانقاہوں ، عید گاہوں اور اما م بارگاہوں میں عید نماز کے اجتماعات منعقد ہو ئے۔

نماز عیدکا سب سے بڑا اجتماع آثار شریف دگارہ حضرت بل میں منعقد ہوا۔ جہاں ہزاروں کی تعداد میں فرزندان توحید نے نماز عید میں شرکت کی۔

ادھر انتظامیہ کی طرف سے عقیدت مندوں کی سہولت کیلئے تمام لازمی انتظامات کو میسر رکھا گیا تھا ۔ نماز عید کی ادائیگی کے بعد مسلمان سنت ابراہیمی ؑ کی پیروی کرتے ہوئے جانوروں کی قربانی پیش کر رہے ہیں۔

مبارکباد

صدر جمہوریہ درو پدی مرمو ، نائب صدر جمہوری جگدیپ دھنکھڑ اور وزیر اعظم نریندر مودی نے عیدا لاضحی کے موقعے پر عوام کو مبارکباد دی ہے ۔

ادھر لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے عید الاضحی کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد پیش کی ہے ۔ انہوں نے اپنے پیغام میں کہاہے کہ عید الاضحی ایثار و قربانی کے جذبے کی علامت ہے ۔

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی جموں کشمیر کے لوگوں کو عید الاضحی کے موقعے پر مبارکباد دی ہے ۔ انہوں نے کہا کہ یہ تہوار ہمیں حضرت ابراہیم ؑ کے پختہ عقیدے اور حضرت اسمائیل ؑ کی غیر متزلزل فرمانبرادری کے تئیں خراج پیش کرنے کا موقعہ فراہم کرتا ہے۔

ادھر جموں کشمیرکے نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری ، کابینی وزراءجاوید احمد ڈار، سکینہ ایتو، جاوید احمد رانا اور ستیش شرما نے بھی لوگوں کو عید الاضحی کے موقعے پر مبارکباد دی ہے ۔

عید الاضحی کے موقعے پر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر درخشان اندرابی ،جموں کشمیر پولیس کے سربراہ نلین پربھات ، صوبائی کمشنر کشمیر وجے کمار بدھوری،ڈپٹی کمشنر سرینگر ڈاکٹر

بلال محی الدین بٹ اور سکمز صورہ کے ڈائریکٹر ڈاکٹر محمد اشرف گنائی نے لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔

آکاشوانی سرینگر کے سربراہ گُربیندر سنگھ اور اسٹیشن کے دیگر عملے نے بھی لوگوں کو عیدالاضحی کی مبارکباد پیش کی ہے ۔

شخصیات

سماج کے مختلف طبقوں سے تعلق رکھنے والی کئی شخصیات نے جمونو کشمیر کے لوگوں کو عید کی مبارکباد دی ہے۔اس تعلق سے کئی شخصیات نے اپنے عید پیغامات میں کہا۔

-----Bytes------

۱۱سال

سرکار کے 11سال مکمل ہو گئے ہیں۔ اس دوران مرکزی سرکار نے مختلف NDA مرکز میں کوشل PM شعبوں کی ترقی اور عام لوگوں کی سہولت کیلئے متعدد اسکیمیں متعارف کیں۔ ان میں وکاس یوجنابھی شامل ہے۔

اس اسکیم کا مقصد نوجوانوں کو مختلف ہنروں کی تربیت دینا ہے تاکہ وہ اپنے لئے روزگار کے موقعے پیدا کرسکیں ۔ اس اسکیم کے تحت2015سے اب تک1کروڑ63لاکھ نوجوان ہنر مند بنائے جا چکے ہیں۔

یونیورسٹی

کا گریڈ حاصل ہوا ہے ۔ اس طرح یونیورسٹی ++A کی ریکینگ میںNAAC کشمیر یونیورسٹی کو نے ملک کی چوٹی کی یونیورسٹیوں کی فہرست میں اپنا مقام بنایا ہے۔ وائس چانسلر پروفیسر نیلوفر خان نے اس کامیابی پر یونیورسٹی کے پورے عملے کو مبارکباد دی ہے ۔

حاصل کرنے CGPA گریڈاور3.68کا ++A لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے یونیورسٹی آف کشمیر کے پر اسے جموں کشمیر کیلئے فخر کا لمحہ قرار دیا۔انہوں نے یونیورسٹی کی اس کامیابی پر یونیورسٹی کی وائس چانسلر پروفیسر نیلوفر خان ، یونیورسٹی انتظامیہ اور فیکلٹی کو مبارکباد پیش کی۔

کا گریڈ حاصل ہونے پر خوشی کا ++A وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی کشمیر یونیورسٹی کو اظہار کرتے ہوئے یونیورسٹی کے تمام متعلقین کو مبارکباد دی ہے۔

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مو دی نے جمونو کشمیر کے اپنے دورے کے دوران46ہزار کروڑ روپے لاگت والے ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا ۔ وزیر اعظم نے ریاسی میں دنیا کے سب سے اونچے چناب ریل پُل کا افتتاح کیا۔ انہوں نے کٹرہ سے سرینگر اور سرینگر سے کٹرہ کےلئے ریل

سروس کو بھی جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ اس طرح کشمیر وادی کو ملک کے دیگر حصوں کے ساتھ ریل کے ذریعے جوڑا گیا ہے۔

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا اور وزیرا علیٰ عمر عبداللہ نے ریل پروجیکٹ کے افتتاح پر خوشی کا اظہار کر تے ہوئے کہا ہے کہ جموں کشمیر کے لوگوں کا دیرینہ خواب حقیقت میں تبدیل ہو گیا ہے۔

سفر

اس دوران ریلوے کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو اور لیفٹنٹ گورنرمنوج سنہا نے کل ریلوے کی انسپیکشن کار میں کٹرہ سے سرینگر تک سفر کے دوران اس ٹریک پر تعمیر Self Propelled کئے گئے پلوناور ٹنلونکا معائینہ کیا۔ مرکزی وزیر اور ایل جی نے ریلوے ٹریک پر حفاظتی انتظامات کا بھی جائزہ لیا۔

-

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ